# میرے حسینؑ کا ہے

حق نبھانا میرے حسینؑ کا ہے
دل ٹھکانہ میرے حسینؑ کا ہے

تم جسے آسماں سمجھتے ہو
شامیانہ میرے حسینؑ کا ہے

جب سے گھر میں سجے ہیں میرے علم
آنا جانا میرے حسینؑ کا ہے

جس کے سائے میں کائنات ہے سب
ایسا نانا میرے حسینؑ کا ہے

مشورہ حق پہ جان دینے کا
مخلصانہ میرے حسینؑ کا ہے

رابطہ ماتمی گھرانوں سے
عاشقانہ میرے حسینؑ کا ہے

اُگ رہا ہے جو بعدِ کرب و بلا
دانا دانا میرے حسینؑ کا ہے

312 روز پڑھتا ہوں سورۂ رحمٰن
یہ ترانہ میرے حسینؑ کا ہے

صرف عاشور تک نہیں محدود
ہر زمانہ میرے حسینؑ کا ہے

کوئی پوچھے یہ دور کس کا ہے
تم بتانا میرے حسینؑ کا ہے

یہ جو کعبہ ہے تم نہ سمجھو گے
گھر پرانا میرے حسینؑ کا ہے

حرؑ کے قدموں میں آ گئی جنت
جب یہ جانا میرے حسینؑ کا ہے

دشمنانِ علیؑ کے دشمن سے
دوستانہ میرے حسینؑ کا ہے

کیا کوئی فیصلہ زمانے میں
ظالمانہ میرے حسینؑ کا ہے

312

بولیں زہراؑ یہ اشک دو مجھ کو
یہ خزانہ میرے حسینؑ کا ہے

مجھ میں ریحانؔ یہ شعور جو ہے
شاعرانہ میرے حسینؑ کا ہے